## سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کی متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو

## ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، آئندہ عام انتخابات اور ملک کو درپیش معاملات اور مجموعی صورتحال پر تفصیلی بات چیت

لندن۔۔۔22/جولائی 2007ء۔۔۔پاکستان مسلم لیگ ق کے سربراہ اور سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین نے آج ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے فون پر گفتگو کی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، آئندہ عام انتخابات اور ملک کو درپیش مختلف معاملات اور مجموعی صورتحال پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔دونوں رہنماؤں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ملک میں جمہوریت کے فروغ اور ملکی استحکام کیلئے متحدہ قومی موومنٹ اور مسلم لیگ ق ملکر کام کرتے رہیں گے اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کی خیریت دریافت کی اور ایک دوسرے کیلئے خیرسگالی جذبات کا اظہار کیا۔چوہدری شجاعت حسین نے مختلف امور پر حکومت کے ساتھ تعاون پر جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان کا شکریہ ادا کیا۔

## صوبہ سرحد کے ضلع صوابی کے ناظمین کے نمائندہ وفد کی ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## وفد نے نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کا دورہ اور وہاں تنظیمی کام میں گہری دلچسپی اور خوشگوار حیرت کا اظہار کیا

## ہم الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کو پورے صوبہ سرحد میں پھیلانا چاہتے ہیں۔اقبال ترین

کراچی۔۔۔22/جولائی 2007ء۔۔۔صوبہ سرحد کے ضلع صوابی کی ضلعی اسمبلی کے پارلیمانی لیڈر بلند اقبال ترین کی سربراہی میں ناظمین کے ایک نمائندہ وفد نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی اور رکن رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری ایڈوکیٹ سے ملاقات کی۔وفد میں صوابی کے نائب ناظم ملک سلیم، اپوزیشن لیڈر خورشید باچہ، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر راعجاز خالد، صدر صوابی پریس کلب سلیم خان علی زئی، ناظم ضلع کونسل صوابی عبدالرحمان، حضرت علی کے علاوہ ضلع اسمبلی صوابی کے کونسلرز اور خواتین کونسلرز بھی شامل تھیں۔صوابی کے منتخب نمائندوں کا وفد نائن زیرو پہنچا تو رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیو ایم کے ارکان پارلیمنٹ نے وفد کا خیر مقدم کیا۔وفد نے نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں کئے جانے والے تنظیمی کام میں گہری دلچسپی اور خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے ارکان نے وفد ایم کیو ایم کا تحریکی لٹریچر بھی پیش کیا۔ملاقات کے اس موقع پر حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، ارکان قومی اسمبلی نواب مرزا ایڈوکیٹ، عبدالوسیم، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر، ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار احمد اور ایم کیو ایم کی پنجاب سرحد، بلوچستان نگراں کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔صوابی کی ضلعی اسمبلی کے پارلیمانی لیڈر بلند اقبال ترین نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے ملک بھر کے 98، فیصد عوام کے حقوق کیلئے جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد کو سراہا اور ایم کیو ایم کے رہنماؤں کو ضلع صوابی کے دورے کی دعوت بھی دی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے پہلی مرتبہ مڈل کلاس اور لوئر مڈل کلاس کے لوگوں کو ایوان تک پہنچایا یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم مخالف بھی ایم کیو ایم کی جدوجہد اور اس کے کام کی تعریف کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم تمام قومیتوں اور برادریوں کو ساتھ لے کر چل رہی ہے لہٰذا کراچی میں سب کو ایک اور متحد ہوکر رہتے ہوئے اسے امن کا گہوارہ بنانا ہوگا کیونکہ کراچی میں امن ہوگا تو پاکستان میں امن ہوگا اور پاکستان ترقی کی جانب گامزن ہوگا۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کارکنان کو سلام تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم امن کا پیغام لیکر آئے ہیں اور آج یہاں سے محبت اور امن کا پیغام لیکر جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے کراچی، حیدرآباد اور سندھ کی ترقی کیلئے بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب بہت کام کیا اور اس کے منتخب نمائندے عوام کی دن رات اپنا نصب العین سمجھ کرانجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 12 مئی کے واقعات کے بعد مذہبی وسیاسی جماعتوں اور میڈیا والوں نے جس طرح ایم کیو ایم کیخلاف پروپیگنڈہ کیا تھا اور ایم کیو ایم کا امیج خراب کرنے کی ایک اور گھناؤنی سازش کی تھی اسے ایم کیو ایم کی جانب سے حقائق منظر عام پر لاکے ناکام بنادیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ عملیت پسندی اور حقیقت پسندی کو پورے صوبہ سرحد میں پھیلانا چاہتے ہیں۔انہوں نے 8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے ہولناک زلزلہ میں متحدہ قومی موومنٹ کی فلاحی خدمات کو سراہا اور بلوچستان اور صوبہ سندھ کے علاقوں میں حالیہ سیلاب اور بارش سے متاثرہ علاقوں میں متاثرین میں غذائی اجناس کی تقسیم اور انہیں طبی سہولیات پہنچانے پر زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔نائن زیرو کے دورے کے حوالے سے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ہمارا خواب تھا کہ ہم پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے قائد کی رہائشگاہ نائن زیرو کو دیکھ سکیں جو آج شرمندہ تعبیر ہوا اور ہم ملک کی غریب ومتوسط طبقے کی پارٹی قیادت سے ملنا چاہتے تھے۔وفد کے دیگر ارکان نے بھی مثبت جذبات کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا

کہ ہماری گذشتہ دنوں سٹی نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل اور سائٹ ٹاؤن کے نائب ناظم بادشاہ خان سے ملاقات ہوئی جس میں ہم نے ان سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی رہائشگاہ کے دورے اور متحدہ کے نمائندوں سے ملنے کی خواہش ظاہر کی تھی اور ہم آپ کے شکر گزار ہیں آپ لوگوں میں نے ہمیں ملنے کا وقت دیا۔انہوں نے کہا کہ نائن زیرو سے بھائی چارے کا پیغام پھیل رہا ہے اور ہم یہاں سے امن، بھائی چارے اور محبت پیغام اپنے علاقوں کے لوگوں تک پہنچائیں گے۔۔

## ایم کیوایم کی جانب سے بلوچستان کے ضلع گوادر اور اندرون سندھ کی تحصیل میہڑ کیلئے غذائی اجناس اور امدادی اشیاء پر مشتمل ایک اور کھیپ روانہ کردی گئیں

کراچی۔۔۔22، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی سے بلوچستان کے ضلع گوادر اور اندرون سندھ کی تحصیل میہڑ کے سیلاب زدگان کیلئے غذائی اجناس اور امدادی اشیاء پر مشتمل مزید دوٹرک روانہ کردیئے گئے۔امدادی سامان کی یہ کھیپ گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، رکن رابطہ کمیٹی شعیب بخاری اور آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے اپنی نگرانی میں روانہ کی جس میں آٹا، دالیں، چاول، چنے، خشک دودھ، گھی، تیل، بسکٹس کے علاوہ دیگر امدادی سامان اور روزمرہ استعمال کی ضروری اشیاء شامل ہیں۔اس موقع پر انور عالم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں جو رضا کار اور کارکنان سیلاب متاثرین کیلئے دن رات امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں وہ زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔واضح رہے کہ فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں بلوچستان اور سندھ کے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان کی پیکنگ اور انہیں متاثرہ علاقوں میں بھیجے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے کارکن خالد حسین برنی کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، منتخب نمائندگان اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔22، جولائی 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے سینئر کارکن خالد حسین برنی کے والد مظفر حسین برنی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

دریں اثناء مرحوم کو آج مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد بن ولایت، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے اراکین، گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد کمال، یوسی ناظمین، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆